لاہور(   ) آئی جی محکمہ جیل خانہ جات پنجاب نے فرائض میں غفلت، لاپرواہی و دیگر سنگین نوعیت کی بدعنوانیوں میں ملوث آفیسران وملازمین کو نوکری سے برخاست کر دیا۔آئی جی مرزا شاہد سلیم بیگ صاحب نے ملازمین کی طویل غیر حاضری پر سالانہ ترقیاں بھی بند کر دیں۔جن کی تفصیل حسب ذیل ہے:۔

مسٹر محمد نعیم نرسنگ اسسٹنٹ، محمد فیاض لیب اسسٹنٹ سنٹرل جیل فیصل آباد نے اپنی ڈیوٹی مین غفلت اور کوتاہی برتنے پر جناب آئی۔جی۔صاحب نے مورخہ 09.03.2018 کو دوسال اور ایک سال کی سالانہ ترقیاں بند کر دی۔مسٹر امداد حسین اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ، محمد یوسف چیف وارڈر ڈیوٹی میں غفلت اور کوتاہی برتنے پر وارننگ دی گئی اور شیر افضل وارڈر سنٹرل جیل فیصل آباد کی دوسال کی سالانہ ترقی بند کر دی گئی۔مسماۃ سمیرا یوسف لیڈی اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کو ڈیوٹی میں 11 دن کی غیر حاضری پر ایک سال کی ترقی بند کرنے کی سزا دی گئی۔مسٹر محمد فہیم اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل راجن پور کو ڈیوٹی میں غفلت اور کوتاہی برتنے پر ایک سال کی سروس ضبط کرنے کی سزا دی۔آصف رضا اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل اٹک ڈیوٹی میں غیر حاضری پر ایک سال کی ترقی بند کی گئی۔طارق محمود اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل ملتان ڈیوٹی میں غفلت برتنے پر وارننگ دی گئی۔ثمر عباس ڈسپنسر سنٹرل جیل فیصل آباد کو ڈیوٹی میں غفلت اور کوتاہی برتنے پر تین سال کی ترقی بند کی گئی۔مسٹر محمد ہمایوں ثاقب اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کو ڈیوٹی میں غفلت اور کوتاہی برتنے پر ایک سال کی ترقی بند کرنے کی سزا دی اس کے علاوہ شمس الحق ہیڈ وارڈر اور محمد سعد وارڈر کو تین سال اور دوسال سروس ضبط کرنے کی سزا دی۔

مسٹر شوکت علی سابقہ وارڈر سنٹرل جیل گوجرانوالہ۔نعمان علی سابقہ وارڈر ڈسٹرکٹ جیل گوجرات۔فدا حسین وارڈر ڈسٹرکٹ جیل منڈی بہاوالدین۔عبدالروف سابقہ وارڈر ڈسٹرکٹ جیل راجن پور، خادم حسین ڈسٹرکٹ جیل راجن پور۔اللہ دتہ سابقہ وارڈر سنٹرل جیل فیصل آباد۔زاہد عباس سینئر کلرک سنٹرل جیل ساہیوال۔ محمد یسن سابقہ وارڈر سنٹرل جیل لاہور۔قاسم علی سابقہ وارڈر ڈسٹرکٹ جیل سیالکوٹ۔محمد سلیمان سابقہ وارڈر ڈسٹرکٹ جیل نارووال۔اعجاز احمد سابقہ وارڈر ڈسٹرکٹ جیل سیالکوٹ۔محمد آصف سابقہ وارڈر ڈسٹرکٹ جیل نارووال۔آسیہ امان LHV سنٹرل جیل میانوالی۔محمد شیراز سابقہ وارڈر ڈسٹرکٹ جیل ٹوبہ ٹیک سنگھ۔عدالت خان سابقہ وارڈر سب جیل چکوال۔ناصر علی سابقہ وارڈر ڈسٹرکٹ جیل ٹوبہ ٹیک سنگھ۔محمد عمران سابقہ وارڈر ڈسٹرکٹ جیل راجن پور **کی اپیلیں بوجہ غیر حاضری/غفلت اور کوتاہی برتنے پر "مسترد" کر دی گئیں۔**

مرزا شاہد سلیم بیگ، آئی جی جیل خانہ جات نے محکمہ کے تمام آفیسران واہلکاران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے فرائض منصبی ایمانداری محنت، لگن وجانفشانی کے ساتھ سرانجام دیں انہوں نے مزید کہا کہ کرپشن اور بدعنوانیوں میں ملوث آفیسران واہلکاران کو سنگین سزائیں دی جائیں گی۔

میڈیا کوآرڈینیٹر
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب لاہور

تطہیری نمبری   مورخہ

کاپی برائے اطلاع۔

1۔ ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلشن پنجاب لاہور

2۔ تمام اُردو/انگریزی قومی روزنامہ جات اور الیکٹرانک میڈیا۔

میڈیا کوآرڈینیٹر
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب لاہور